ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ ساہیوال

پریس ریلیز

عوام الناس کی آگاہی کے لیے مطلع کیا جاتا ہے کہ انٹرمیڈیٹ پارٹ I&II ضمنی امتحان 2019ء کا نتیجہ انشاء اللہ مورخہ 11-01-2020 بروز ہفتہ بوقت 10:10 بجے صبح شائع کیا جارہا ہے۔ لہذا جملہ متعلقین، سربراہان، ادارہ جات، اساتذہ طلباء و طالبات اپنا نتیجہ بورڈ کی ویب سائٹ **www.bisesahiwal.edu.pk** سے چیک کر سکتے ہیں۔ علاوہ ازیں امیدواران اپنا رول نمبر اپنے موبائل فون سے 800292 پر SMS کر کے نتیجہ حاصل کر سکتے ہیں۔ نتیجہ / گزٹ کی CD مبلغ-/100 روپے حبیب بینک کوٹ خادم علی برانچ ساہیوال میں جمع کروا کر حاصل کی جاسکتی ہے۔ جن امیدواران کے نتائج بقایا فیس یا دیگر دفتری کوائف پورے نہ کرنے کی وجہ سے رکے ہیں وہ اس وقت تک جاری نہیں کیے جائیں گے جب تک وہ اپنے کوائف /واجبات پورے ادا نہیں کر دیتے۔ ری چیکنگ کروانے والے امیدواران کی سہولت کے لیے بورڈ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ طالب علم صرف Online ری چیکنگ کے لیے Apply کریں گے بورڈ ری چیکنگ کی تاریخ سے بذریعہ SMS امیدوار کو آگاہ کرے گا۔ طالب علم صرف فیس جمع کروانے کے لیے بینک جائیں گے اور فیس جمع کروا کر اصل فارم بورڈ میں جمع کروانا ہوگا اور بورڈ سے ملنے والی تاریخ پر امیدواران اپنی کاپی کی ری چیکنگ کے لیے بورڈ میں آئیں گے اور ساتھ جمع شدہ فیس چالان کی اصل کاپی اور بورڈ رسید ہمراہ لائیں گے نیز اگر کسی امیدوار کو مورخہ 22-01-2020 تک رزلٹ کارڈ نہ ملے تو وہ دفتر سے بالمشافہ یا بذریعہ فون نمبر 040-9200522 پر رابطہ کر سکتا ہے۔

-sd-

کنٹرولر امتحانات

تشہیر نمبر: 09

مورخہ: 03-01-2020

کاپی برائے اطلاع:۔

1۔ پی اے ٹو چیئرمین
2۔ پی اے ٹو سیکرٹری
3۔ پی اے ٹو کنٹرولر امتحانات
4۔ سسٹم اینالسٹ (اس درخواست کے ساتھ کہ اس پریس ریلیز کو بورڈ کی ویب سائیٹ پر اپ لوڈ کیا جائے اور اخبارات کو E.Mail کر دیں)
5۔ آر۔سی۔او (اس استدعا کے ساتھ کہ پریس ریلیز کو اخبارات میں شائع کروانے کا بندوبست فرمائیں)

6/1/20

اسسٹنٹ کنٹرولر امتحانات (انٹر)

برائے کنٹرولر